شہد خور چڑیا کا بدلہ

Zulu folktale
Wiehan de Jager
Samrina Sana
urdu
nivå 4

(uten bilder)

یہ ایک شہد خور چڑیا نگیدے اور ایک لالچی آدمی گنگیلے کی کہانی
ہے۔ ایک دن جب گنگیلے شکار کے لیے باہر تھا اُس نے
نگیدے کی پکار سُنی۔ گنگیلے کے منہ میں پانی بھر گیا جب اُس
نے شہد کے بارے میں سوچا۔ وہ رُک گیا اور اُس نے غور
سے سُنا۔ جب تک کہ ا سے اپنے سر کے اوپر موجود ٹہنیوں پہ
بیٹھا پرندہ دکھائی نہیں دیا۔ چٹک۔ چٹک۔ چٹک۔ چھوٹا پرندہ چہچہایا جیسا
کہ وہ اگلے اور اس سے اگلے درخت پر جا کر بیٹھا۔ چٹک۔
چٹک۔ چٹک۔ اُس نے بلایا۔ وقتاً فوقتاً وہ اس بات کو یقینی بنا رہا
تھا کہ گنگیلے اُس کے پیچھے ہے۔

آدھے گھنٹے کے بعد، وہ ایک بڑے انجیر کے درخت
کے پاس پہنچے۔ اُس نے پاگلوں کی طرح ٹہنیاں چھانی۔ اور
پھر وہ ایک ٹہنی پر آکر رُک گیا جیسا کہ وہ گنگیلے سے کہنا چاہتا ہو
اب آو! یہ رہا! تمہیں اتنی دیر کیوں لگ رہی ہے۔ گنگیلے کو درخت
کے نیچے کوئی مکھیاں دکھائی نہ دیں، لیکن اُس نے نگیدے پر
بھروسہ کیا۔

اس لیے گنگیلے نے اپنا ہتھیار درخت کے نیچے رکھ دیا اور کچھ سوکھی لکڑیاں اکھٹی کر کے آگ جلائی۔ جب آگ ٹھیک سے جل رہی تھی اُس نے ایک لمبی سوکھی لکڑی درمیان میں رکھ دی۔ یہ لکڑی جلنے پر بہت سا دھواں دینے کے لیے جانی جاتی ہے۔ دوسری طرف سے لکڑی کا ٹھنڈا حصہ دانتوں میں پکڑے درخت پے چڑھنے لگا۔

جلد ہی اُس سے مصروف مکھیوں کی آواز آنا شروع ہوئی۔ وہ درخت میں ایک سوراخ میں سے آجا رہیں تھیں جو کہ اُن کا چھتہ تھا۔ جب گھنگھریلے چھتے کے پاس پہنچا اُس نے لکڑی کا جلتا ہوا حصہ مکھیوں کے چھتے میں ڈال دیا۔ مکھیاں غصے سے بھنبھناتی ہوئیں چھتے سے باہر نکلیں۔ وہ اُڑ گئیں کیونکہ اُنہیں دھواں پسند نہیں۔ لیکن اس سے پہلے نہیں جب تک وہ گھنگھریلے کو کچھ درد ناک ڈنگ نہ مار لیتیں۔

جب مکھیاں باہر نکل گئیں، گنگیلے نے اپنا ہاتھ چھتے میں ڈالا اور چھتے کے حصوں کو باہر نکالا جو کہ شہد سے بھرے ہوئے تھے اور چربی سے بھرے سفید گربوں کو بھی باہر نکالا۔ اس نے شہد سے بھرے چھتے کو اپنے تھیلے میں رکھا اور کندھے پر پہن لیا اور درخت سے نیچے اُترنا شروع کر دیا۔

نگیدے یہ سب بہت شوق سے دیکھ رہا تھا جو کچھ گھگیلے کر رہا
تھا۔ وہ انتظار میں تھا کہ بطور شہد خور چڑیا شکریہ کے طور پر وہ اُس کو
شہد دے گا۔ نگیدے ایک شاخ سے دوسری شاخ نزدیک سے
نزدیک زمین پر اُس کے پاس جانے کی کوشش میں تھا۔ آخر کار
گھگیلے درخت سے نیچے اُتر آیا۔ نگیدے اُس کے پاس پڑے
ایک پتھر پر آکر روکا اور اپنے انعام کا انتظار کیا۔

لیکن گنگیلے نے آگ بجھائی، اپنا ہتھیار اُٹھایا اور گھر کی طرف چلنا شروع کر دیا۔ پرندے کو نظر انداز کرتے ہوئے۔ نگیدے نے غصے سے پکارا۔ وِک۔ تور! وِک تور! گنگیلے رکا پرندے کو گھورا اور زور سے ہنسا۔ تمہیں شہد چاہیے؟ واقعی میرے دوست؟ آہ لیکن میں نے خود سارا کام کیا اور ڈنگ کا درد سہا۔ تو میں یہ مزیدار شہد تمہارے ساتھ کیوں بانٹوں؟ اور وہ چلا گیا۔ نگیدے شدید غصے میں تھا اُس سے اُس کے ساتھ ایسا نہیں کرنا چاہیے تھا۔ لیکن وہ اپنا بدلہ لے گا۔

ایک دن کئی ہفتوں کے بعد گنگیلے نے نگیدے کی شہد کے لیے پکار سُنی۔ اُسے مزیدار شہد یاد تھا، اور اُس نے تیزی سے پرندے کا پیچھا کیا۔ نگیدے کو جنگل کے کنارے پر لا کر وہ رک گیا جہاں کانٹوں کا ایک جھاڑ موجود تھا۔ آہ۔ گنگیلے نے سوچا کہ شہد کا چھتا اسی درخت میں ہو گا۔ اُس نے جلدی سے آگ جلائی اور دانتوں میں جلتی ہوئی لکڑی کو دبائے درخت پر چڑھنے لگا۔ نگیدے بیٹھا یہ سب دیکھ رہا تھا۔

درخت چڑھتے ہو ئے گدگدیلے نے غور کیا کہ اُ سے مکھیوں کی بھنبھنا نے کی آواز کیوں نہیں آ رہی۔ شاید چھتا درخت کی بہت گہرائی میں تھا۔ اُس نے سوچا۔ لیکن چھتے کے بجا ئے وہ ایک چیتق کے چہرے کو گھور رہا تھا۔ چیتق اپنی نیند کے اتنے خراب ہو نے پر بہت غصہ تھی۔ اُس نے اپنی آنکھوں کو چھوٹا کر تے ہو ئے منہ کھولا تاکہ وہ اپنے بڑے اور تیز دانت دکھا سکے۔

اس سے پہلے کہ چیتی اس پر حملہ کرتی۔ گھگیلے درخت سے نیچے اُتر آیا۔ جلد بازی میں اُس نے ایک ٹہنی چھوڑی جس وجہ سے وہ سیدھا زمین پر آگرا اور اُس کا پاوں مڑ گیا۔ وہ تیزی سے فرار ہوا۔ خوش قسمتی سے چیتی نیند میں ہونے کی وجہ سے اُس کا پیچھا نہ کر پائی۔ نگیدے، شہد خور چڑیا نے اپنا بدلہ لے لیا۔ اور گھگیلے نے سبق سیکھ لیا۔

اور جب گنگیلے کے بچوں نے نگیدے کی کہانی سُنی اُن
کے دل میں چھو ٹے پرندے کے لیے عزت پیدا ہوئی۔ جب
کبھی وہ شہد اُتار تے وہ اس بات کو یقینی بنا تے کہ چھتے کا
سب سے بڑا حصہ وہ شہد خور چڑیا کے لیے چھوڑ دیں گے۔

Barnebøker for Norge

barneboker.no

شہد خور چڑیا کا بدلہ

Skrevet av: Zulu folktale
Illustret av: Wiehan de Jager
Oversatt av: Samrina Sana

Denne fortellingen kommer fra African Storybook (africanstorybook.org) og er videreformidlet av Barnebøker for Norge (barneboker.no), som tilbyr barnebøker på mange språk som snakkes i Norge.

Dette verket er lisensiert under en Creative Commons
Navngivelse 3.0 Internasjonal Lisens.